BRAMPTON Flower City brampton.ca

**media release**

14 فروری 2018

# سٹی آف برامپٹن نے قومی سطح پر منعقد ہونے والے اسمارٹ سٹی چلینج کو قبول کر لیا ہے

برامپٹن، آن - جرأت اور اختراع کے تصوّر پر اپنی توجہ مرکوز کرتے ہوئے، سٹی آف برامپٹن نے گورنمنٹ آف کینیڈا کے اسمارٹ سٹیز چیلنج میں حصہ لینے کا عملی فیصلہ کر لیا ہے۔

کینیڈا کی تمام میونسپیلٹیز، مقامی اور علاقائی حکومتوں اور دیہی کمیونٹیوں (اوّلین قومیتوں، انیوئیٹ اور میٹیس) کے لیے دستیاب اسمارٹ سٹیز چیلنج کے تحت ایک مقابلے کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کے ذریعے تمام کمیونٹیز کی حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ وہ اسمارٹ سٹی کے تصوّر پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اختراع، ڈیٹا اور باہم مربوط ٹیکنالوجی کی مدد سے اپنے رہائشیوں کی زندگیوں میں ممکنہ حد تک بہتری لائیں۔

مقابلہ کے حتمی مرحلہ میں منتخب شدگان کو اپنے شہر کو اسمارٹ بنانے کے منصوبوں میں معاونت فراہم کی جائے گی۔ جیتنے والی کمیونٹیوں کو ان کی آبادی کی بنیاد پر انعام کی رقم فراہم کی جائے گی جسے وہ اپنے منصوبوں پر خرچ کر سکیں گے۔ اگر برامپٹن کا نام جیتنے والوں کی فہرست میں آ جاتا ہے، تو اس کو 50$ ملین تک کی امداد مل سکتی ہے۔

ایک اسمارٹ سٹی کے تصوّر کا مطلب، ڈیٹا اور مربوط ٹیکنالوجی کے استعمال سے اپنے رہائشیوں کے لیے مفید اور بامقصد منصوبہ جات پر کام کرنا ہے۔ سٹی آف برامپٹن اپنے شہر کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایک بڑی سوچ کے ساتھ اپنی کمیونٹی کی زندگیوں میں فعالیت لانے کے لیے اس تصوّر پر مکمل جانفشانی کے ساتھ کام کر رہا ہے۔ اسمارٹ سٹی کی چند حالیہ ترغیبات میں درج ذیل شامل ہیں:

- برامپٹن جیو ہب (GeoHub) کا قیام، جو ایک انعام یافتہ اوپن ڈیٹا پلیٹ فارم اور اشتراکی ٹیکنالوجی کا حسین شاہکار ہے، جس کی مدد سے رہائشیوں کے لیے عوامی ڈیٹا تک رسائی آسان تر ہو گئی ہے۔ جیو ہب میں ایسے ترغیباتی ٹولز موجود ہیں جو شفافیت کو بڑھانے اور جدت کو فروغ دینے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔
- ضمنی قوانین کے نفاذ کے لیے موبائل معائنے، جس کی مدد سے نفاذ کے افسران فوری طور پر کاروائی کر سکتے ہیں۔ نفاذ کے افسران کے پاس ایک ایپ موجود ہوتی ہے جو ان کی سروس ریکوئیسٹ ایپلیکیشن کے ساتھ مربوط رہتی ہے، جس کی مدد سے وہ فیلڈ سے اپنے اسمارٹ فون کے ذریعے سروس ریکوئیسٹ کو اپنے نوٹس اور تصاویر کے ساتھ اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔ اس کی مدد سے وہ روزانہ کی بنیاد پر زیادہ معائنے کر سکتے ہیں۔
- برامپٹن ٹرانزٹ کی بسوں پر کمپیوٹر ایڈڈ ڈسپیچنگ (CAD) اور آٹومیٹک وہیکل لوکیشن (AVL) نظاموں کی دستیابی۔ ریئل ٹائم ٹیکنالوجی کی مدد سے صارفین کو ایک قابل بھروسہ، معلومات سے بھرپور اور آسان عوامی سفری نظام میسر آتا ہے اور اگلی آنے والی بس کے پہنچنے کے درست وقت کے بارے میں معلومات بذریعہ آن لائن، ای میل، ٹیکسٹ یا فون موصول ہوتی ہے۔ بسوں میں ٹرانزٹ سگنل پرائرٹی ٹیکنالوجی بھی لگائی گئی ہے، جس کی مدد سے مخصوص چوکوں پر یہ بسیں سبز بتی کا دورانیہ بڑھا اور سرخ بتی کا دورانیہ گھٹا سکتی ہیں، جس کی مدد سے بسوں کے شیڈول زیادہ قابل بھروسہ ہو جاتے ہیں۔

لوگوں کے ساتھ ذاتی طور پر وابستہ رہ کر ان کے حالیہ مسائل کے بارے میں سمجھ بوجھ رکھنا اسمارٹ سٹی چیلنج جیتنے کا ایک لازمی حصہ ہے۔ منصوبہ بندی کے تصوّر کے ڈھانچہ کے ایک حصے کے طور پر، سٹی نے عوام کے ساتھ وابستگی کے ایک بے مثال پروگرام پر عمل درآمد کیا ہے جس میں سوشل میڈیا کے توسط سے 11,000 سے زیادہ رہائشیوں اور 420,000 سے زیادہ کاروباری اداروں کے تاثرات وصول کیے گئے ہیں۔ عوام کے ساتھ وابستگی کے اس پروگرام کو 2016 یوتھ انگیجمنٹ سروے، 2017 سٹیزن انگیجمنٹ سروے اور حالیہ طور پر منعقد ہونے والی دیگر آبادیاتی شماریات میں خوب پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ چیلنج کے تقاضوں پر پورا اترنے کے لیے، ڈیٹا کے ان وسائل سے حاصل ہونے والے نتائج کو کمیونٹی کی شراکت سے عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔

BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

اسمارٹ سٹی چیلنج کی اپنی تجویز کو فروغ دینے کے لیے، شہر اپنے رہائشیوں کو اپنے ساتھ فعال طور پر وابستہ رکھنے کے عمل کو جاری رکھے گا تاکہ یہ تعین کیا جا سکے کہ برامپٹن کو اپنا گھر ماننے والوں کے لیے ہم کتنا بہترین کام کر سکتے ہیں۔ شمولیت کے مواقع کے لیے ہمارے ساتھ وابستہ رہیں۔

چیلنج کے لیے داخلوں کی تاریخ 24 اپریل 2018 تک ہے۔ ایک خودمختار جیوری موسم گرما 2018 تک حتمی طور پر جیتنے والوں کو منتخب کرے گی۔ اپنی حتمی تجاویز کو عملی جامہ پہنانے کے لیے جیتنے والوں کو 250,000$ کی گرانٹ موصول ہو گی، جو موسم سرما 19- 2018 تک جمع کرانا ہوں گے۔ جیتنے والوں کے ناموں کا اعلان موسم بہار 2019 میں کیا جائے گا۔

**اقتباسات:**

اختراع اور برتری میں قائدانہ حیثیت کے حصول کے لیے، امیزون H2Q بڈ کی طرح یہ مقابلہ ہمارے شہر کے لیے ایک دوسرا نادر موقع ثابت ہو گا۔ پچھلے سال کے دوران ہم نے عوام کو ایک بے مثال طریقے سے اپنے ساتھ وابستہ رکھا ہے— جس کی مدد سے ہمیں اپنے رہائشیوں کی زندگیوں کو سمجھنے اور ان کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لیے درکار بہتر سمجھ بوجھ حاصل ہوئی ہے۔"

- میئر لنڈا جیفری

"سٹی آف برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔ ہم اپنے تمام کاموں میں اختراع، عوامی شمولیت اور جرأت مندانہ اقدامات اٹھانے کے لیے پر عزم ہیں۔ اس چیلنج میں حصہ لینے کے لیے ہمارا عملہ اس تصوّر پر عمل درآمد کرنے پر خوشی محسوس کرتا ہے اور پچھلے سال کی طرح ہم اب بھی اپنی کمیونٹی کو مکمل طور پر اپنے ساتھ وابستہ رکھنے کے منتظر ہیں تاکہ ہم ڈیٹا اور مربوط ٹیکنالوجی کے استعمال کی مدد سے اپنے رہائشیوں کی زندگیوں میں ممکنہ حد تک بہتریاں لا سکیں۔"

- ہیری شلینج، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر

-30-

**برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔** ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں فالو کریں ٹویٹر اور فیس بُک۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ فرمائیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

نتالی سٹوگڈل
میڈیا کوآرڈینیٹر
سٹی آف برامپٹن
natalie.stogdill@brampton.ca | 905.874.3654